# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 1st September, 2025 at 5.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3.** **MR. IBRAR AHMAD** to invite attention of the Minister for Housing and Works, to a matter of urgent public importance regarding delay in handing over of possession of flats in Sector G-13, Islamabad to allottees under the quota reserved for Constitutional bodies despite the passage of several years, causing grave concern amongst the public.

**ORDINANCE TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY**

**4.** **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue to lay before the National Assembly the Virtual Assets Ordinance, 2025 (No. VII of 2025), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. **(Laid in the Senate on 15-08-2025)**

**LEGISLATIVE BUSINESS**

**5.** Consideration of the following motion moved by **MR. BILAL AZHAR KAYANI,** Minister of State for Railways and Finance and Revenue**,** on 11th August, 2025:-

> "that the Bill to provide for reforms of the regulatory regime applicable to business, trade and investment by removing cumbersome and complex regulatory requirements and to establish the Pakistan Regulatory Registry and the Pakistan Business Portal [The Asaan Karobar Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**6.** **MR. QAISER AHMED SHEIKH,** Minister for Board of Investment, to move that the Bill to provide for reforms of the regulatory regime applicable to business, trade and investment by removing cumbersome and complex regulatory requirements and to establish the Pakistan Regulatory Registry and the Pakistan Business Portal [The Asaan Karobar Bill, 2025], be passed.

**MOTION OF THANKS**

**7.** **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

**MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER**

**8.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**9.** **SAHIBZADA SIBGHATULLAH** **MR. SALEEM REHMAN**
**MR. AMJAD ALI KHAN** **MR. SHAHRAM KHAN**
**MR. MUHAMMAD BASHIR KHAN** to invite attention of the Minister-in-Charge of the Cabinet Secretariat to a matter of urgent public importance regarding lack of preemptive measures and timely relief and support by NDMA during the recent floods in the country, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**31st August, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، یکم ستمبر، ۲۰۲۵ء شام پانچ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **جناب ابرار احمد** وزیر برائے مکانات و تعمیرات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو کئی سال گزرنے کے باوجود سیکٹر جی۔۱۳، اسلام آباد میں آئینی اداروں کے لئے مختص کردہ کوٹے کے تحت الاٹیوں کو فلیٹوں کا قبضہ نہ دیئے جانے سے متعلق ہے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے آرڈیننس

۴۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کی مقتضیات کے مطابق ورچوئل اثاثہ جات آرڈیننس، ۲۰۲۵ء (نمبرے بابت ۲۰۲۵ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔ (۱۵/اگست، ۲۰۲۵ء کو سینیٹ میں رکھا گیا)۔

## قانون سازی

۵۔ **جناب بلال اظہر کیانی**، وزیر مملکت برائے ریلوے اور خزانہ و محاصل کی جانب سے ۱۱/اگست، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر غور:۔

"کہ کاروبار، تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے قابل اطلاق انضباطی نظام میں مشکل اور پیچیدہ انضباطی تقاضوں کو ختم کرکے اصلاحات لانے اور پاکستان انضباطی رجسٹری اور پاکستان کاروباری پورٹل کے قیام کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [آسان کاروبار بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔"

۶۔ **جناب قیصر احمد شیخ**، وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ تحریک پیش کریں گے کہ کاروبار، تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے قابل اطلاق انضباطی نظام میں مشکل اور پیچیدہ انضباطی تقاضوں کو ختم کرکے اصلاحات لانے اور پاکستان انضباطی رجسٹری اور پاکستان کاروباری پورٹل کے قیام کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [آسان کاروبار بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک تشکر

۷۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۸۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۹۔ صاحبزادہ صبغت اللہ جناب سلیم رحمان جناب امجد علی خان جناب شہرام خان

جناب محمد بشیر خان وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ملک میں حالیہ سیلابوں کے دوران این ڈی ایم اے کی جانب سے پیشگی اقدامات کرنے اور بروقت ریلیف اور مدد کے فقدان سے متعلق ہے۔

اسلام آباد، طاہر حسین

۳۱/اگست، ۲۰۲۵ء سیکرٹری جنرل